15.02.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .....اسلم بیگ

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اِس سال کا مرکزی بجٹ، ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کی جستجو کی عکاسی کرتا ہے۔ انھوں نے آئندہ دہائی کیلئے ڈھانچہ جاتی اصلاحات، اختراع کو فروغ دینے اور سہل ترین حکمرانی کو اعلیٰ ترجیحات قرار دیا۔

☆ بھارت–AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس کَل سے نئی دلّی میں شروع ہوگی۔ اِس پانچ روزہ تقریب میں 20ملکوں سے عالمی لیڈر شرکت کریں گے۔

☆ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، منگل کو ڈھاکہ میں بنگلہ دیش کی نومنتخب سرکار کی حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

☆ مہاشیوراتری کے موقع پر ملک کے مختلف حصوں میں عقیدتمند، مندروں میں پوجا ارچنا کیلئے جوق در جوق پہنچ رہے ہیں۔

☆ مردوں کے ٹی–ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں بھارت نے پاکستان کیلئے 176رن کا جیت کا نشانہ رکھا ہے۔ ویسٹ انڈیز، ممبئی میں نیپال کو شکست دے کر سُپر 8میں داخل ہونے والی پہلی ٹیم بن گئی ہے۔

☆ اور خواتین کی کرکٹ میں، سڈنی میں تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی–ٹوینٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے میزبان آسٹریلیا کو 9وکٹ سے ہرا دیا۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

Rev PM Interview PTI

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج، اگلی دہائی کیلئے تین ترجیحات :مزید ڈھانچہ جاتی اصلاحات، اختراع میں گہرائی لانا اور آسان تر حکمرانی کا ذکر کیا ہے۔

ایک خبر ایجنسی کو دیئے گئے انٹرویو میں جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ اُن کی حکومت کی اصلاحی مہم سے، عام شہریوں کو بڑا فائدہ حاصل ہو رہا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اِس سال کے مرکزی بجٹ سے ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے بھارت کے عزم کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ بجٹ ''ابھی نہیں تو کبھی نہیں''

والا زور زبردستی کا لمحہ نہیں ہے بلکہ یہ تیاری اور تحریک سے حاصل کردہ 'ہم تیار ہیں' والا لمحہ ہے۔ انھوں نے خاص طور پر کہا کہ دفاعی اصلاحات، جو ایک دہائی سے جاری ہیں، اُن کے فائدے، آپریشن سندور کے دوران واضح ہوگئے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت، سلامتی کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے ہمہ وقت تیار ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کا یہ فرض ہے کہ وہ موجودہ حقائق کے مطابق اپنے دفاعی شعبے کی، ایک ایسے ملک کے طور پر تجدید کرتا رہے، جس کے رول کی، دنیا بھر میں اہمیت بڑھتی جا رہی ہے۔ 2026-27 کے مرکزی بجٹ میں دفاعی شعبے کیلئے 7اعشاریہ آٹھ–پانچ لاکھ کروڑ روپے مختص کرنے کے بارے میں جناب مودی نے کہا کہ یہ رقم، پچھلے بجٹ کے مقابلے 15فیصد زیادہ ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ یہ رقم، کسی بھی وزارت یا محکمے کو دی گئی رقم کے مقابلے بھی سب سے زیادہ ہے۔

وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ خواتین، وکست بھارت کی تعمیر میں اہم ترین رول ادا کریں گی اور حکومت کی طرف سے کیے گیے اقدامات سے اُنھیں اختیارات حاصل ہوں گے۔بھارت کی طرف سے کیے گئے تجارتی معاہدوں کے بارے میں وزیر اعظم نے رائے زنی کی کہ سیاسی استحکام اور سیاسی یقینی صورتحال کی وجہ سے، بھارت میں سرمایہ لگانے والوں کا اعتماد بحال ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ مضبوط تر مینوفیکچرنگ، خدمات اور MSMEs کی وجہ سے، بھارت، تجارتی معاہدوں پر، اپنی شرائط کے سلسلے میں، مضبوطی سے بات چیت کرسکا۔ انہوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت کے آزاد تجارتی معاہدے، کپڑوں کی صنعتوں، چمڑے، کیمیاوی مادّوں، دستکاری مصنوعات، نگینوں اور دیگر شعبوں میں MSMEs کیلئے مارکیٹ رسائی میں توسیع کی غرض سے تشکیل دیئے گئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وکست بھارت کی جانب اگلا قدم، اختراع، طویل مدتی صلاحیت اور عالمی مقابلہ جاتی رجحان کے تحت، پرائیویٹ شعبے کی طرف سے بھاری سرمایہ کاری پر منحصر ہوگا۔x

PM Sant Sevalal

وزیر اعظم نریندر مودی نے سماجی اصلاح کار سَنت سیوا لال مہاراج کو آج اُن کی سالگرہ کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ سَنت سیوا لال مہاراج نے سچائی، عدم تشدد اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا پیغام پھیلایا جس سے معاشرے میں نئی بیداری پیدا ہوئی۔x

India AI Impact Summit

نئی دلّی میں کل سے India AI Impact Summit-2026 شروع ہونے والی ہے۔ یہ پانچ روزہ کانفرنس، عالمی جنوب میں مصنوعی ذہانت AI سے متعلق اب تک کی پہلی عالمی کانفرنس ہوگی۔ 20 ملکوں کے عالمی رہنما، اِس میں شرکت کریں گے۔ اِن رہنماؤں میں فرانس کے صدر ایمانوئل میخواں، برازیل کے صدر Luiz Inacio Lula da Silva، اسپین کے صدر Pedro Sanchez Perez-Castejon، سوئٹزر لینڈ کے صدر Guy Parmelin، نیدرلینڈس کے وزیر اعظم Dick Schoof، متحدہ عرب امارات کے ابوظبی کے ولیعہد شہزادہ شیخ خالد بن محمد بن زائد النہیان، ماریشس کے وزیر اعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام، سری لنکا کے صدر انورا کمار

دِسانائکے، سیشلز کے نائب صدر Sebastien Pillay اور بھوٹان کے وزیر اعظم شیرنگ توبگے شامل ہیں۔
اِس کانفرنس میں 45 سے زیادہ ملکوں کے وزارتی مندوبین شرکت کر رہے ہیں۔
پیش ہے ایک رپورٹ.....

VC Suparna

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ– 2026 تین اصولوں پر قائم ہے، جن سے مصنوعی ذہانت کے بارے میں عالمی تعاون میں رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔ یہ تین اصول ہیں :عوام، کرۂ ارض اور ترقی۔ کانفرنس میں تبادلۂ خیال کیلئے چکر یا ورکنگ گروپ ہوں گے، جنہیں 7 مربوط موضوعاتی میدانوں کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔

سات چکروں میں انسانی اثاثہ، سماجی بااختیاری کیلئے شمولیت، محفوظ اور با اعتبار مصنوعی ذہانت، سائنس، استحکام، اختراع، استعداد، مصنوعی ذہانت کے وسائل کی سب کیلئے فراہمی، اقتصادی ترقی اور سماجی بھلائی کیلئے مصنوعی ذہانت شامل ہیں۔ اِس کانفرنس میں 100 سے زیادہ ملکوں کو مدعو کیا گیا ہے اور دو لاکھ سے زیادہ لوگوں نے اِس کیلئے آن لائن رجسٹریشن کرایا ہے۔

یہ کانفرنس، مصنوعی ذہانت سے متعلق عالمی ایجنڈے کو تشکیل دینے کیلئے ایک بنیادی پلیٹ فارم کے طور پر رول ادا کرے گی۔ اِس کانفرنس میں بھارت کی پوزیشن، مصنوعی ذہانت سے متعلق عالمی تعاون میں ایک کنوینر اور شراکت دار کے طور پر ہوگی، جس سے مشترکہ معیارات، اشتراک پر مبنی فریم ورکس اور لوگوں کی بھلائی کیلئے طریقۂ کار میں مدد ملے گی۔ اِس کانفرنس سے ذمہ دارانہ، سب کی شمولیت والے اور ترقی پر مرکوز مصنوعی ذہانت کے طریقوں کے تئیں، بھارت کے عزائم کا اعادہ ہوتا ہے۔

سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

PM India AI Erpo

وزیر اعظم نریندر مودی کل، نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ ایکسپو -2026 کا افتتاح کریں گے۔ یہ پانچ روزہ ایکسپو انڈیا AI Impact Summit-2026 کے درمیان ہو رہا ہے، جس میں مصنوعی ذہانت کے شعبے میں بھارت کے اقدامات کو منظر عام پر لایا جائے گا۔ اس میں 13 ملکوں کے پویلین ہوں گے، جس میں آسٹریلیا، جاپان، روس، برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، نیدر لینڈس، سوئٹزر لینڈ، سربیا، اسٹونیا، تاجکستان اور افریقہ شامل ہیں۔ x

Saudi Arabia India AI Impact Summit

سعودی عربیہ، AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس کیلئے مصنوعی ذہانت کے اپنے اعلیٰ حکام کو بھارت بھیج رہا ہے۔ ڈاکٹر عبداللہ الغامدی، جو سعودی ڈیٹا اور مصنوعی ذہانت کی اتھارٹی SDAIA کے سربراہ ہیں، 19 اور 20 فروری کو نئی دلّی میں بھارت AI امپیکٹ چوٹی کانفرنس میں سعودی عرب کی نمائندگی کریں گے۔ سعودی وفد، سعودی وژن 2030 سے اُن اقدامات کو پیش کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے، جو انسانی اور اقتصادی فروغ کیلئے ایڈوانس ٹیکنالوجیوں کا استعمال کرتے ہیں۔x

MEA Bangladesh Swearing IN

لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا، اِس مہینے کی 17 تاریخ کو ڈھاکہ میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی کے چیئرمین طارق رحمان کی قیادت میں بنگلہ دیش کی نومنتخب حکومت کی حلف برداری کی تقریب میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ اِس اہم تقریب میں اسپیکر کی شرکت، بھارت اور بنگلہ دیش کے عوام کے درمیان گہری اور طویل مدتی دوستی کو اجاگر کرتی ہے۔ وزارت نے کہا کہ یہ اُن جمہوری اقدار کے تئیں بھارت کے مصمم عہد کا اعادہ کرتا ہے، جو دونوں ملکوں کو ایک دوسرے سے جوڑتے ہیں۔x

Bangladesh New Cabinet

ڈھاکہ میں، سبکدوش ہونے والے قانونی مشیر آصف Nazrul نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے نومنتخب اراکین کی حلف برداری کی تقریب منگل کے روز صبح 10 بجے ہوگی۔ توقع ہے کہ AMM نصیرالدین، اراکین کو حلف دلائیں گے۔ توقع ہے کہ پارلیمانی پارٹی صبح دیر گئے اپنے لیڈر کا انتخاب کریں گے، جس کے بعد سرکار کی تشکیل کیلئے باقاعدہ دعویٰ پیش کیا جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ نئی کابینہ کو پارلیمنٹ کے ساؤتھ پلازہ میں چار بجے سہ پہر حلف دلایا جائے گا۔ محمدشہاب الدین کابینہ کو حلف دلائیں گے۔x

Rev.Dubai Nnternationl Ayush Conference

تیسری بین الاقوامی آیوش کانفرنس اور نمائش 2026 آج دوبئی عالمی تجارتی مرکز میں شروع ہوگئی۔ تین روزہ یہ تقریب، جو 17 فروری تک جاری رہے گی، قدیمی طبی روایات اور اُن کے ہمعصر طریقۂ علاج کو اجاگر کرے گی۔ کانفرنس کا افتتاح کرتے ہوئے آیوش کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے کہا کہ بھارت کے روایتی معلوماتی نظام اب عالمی صحت کے مباحثوں میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ آیوش کے نظام، ایسے جامع اور ثبوت پر مبنی حل پیش کرتے ہیں، جو جسم، ذہن اور ماحول کے درمیان یکجہتی پر مرکوز ہوتے ہیں۔ جناب جادھو نے بتایا کہ کانفرنس میں آیوش پر مبنی دماغ اور جسم کے طریقۂ علاج پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ آیوش شعبے سے 120 سے زیادہ نمائش کار اِس تقریب میں شرکت کر رہے ہیں۔اِن میں ایک فلم فیسٹیول، نمائش اور کلچرل Evening بھی شامل ہیں۔ یہ تقریب، روایتی ادویہ سے متعلق صحت کی عالمی تنظیم کی عالمی حکمت عملی کے عین مطابق ہو رہی ہے۔x

Mahsshivratri

مہا شیو راتری کا تہوار آج ملک بھر میں پورے جوش و خروش اور مذہبی عقیدت کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ بھگوان شیو کے عقیدتمندوں کیلئے یہ ایک سب سے پوتر تہوار سمجھا جاتا ہے۔ اِس دن مندروں میں خصوصی پرارتھنائیں کی جاتی ہیں، لوگ برتھ رکھتے ہیں اور مندروں میں رات بھر پوجا ارچنا کرتے ہیں۔ اترپردیش میں مہا شیوراتری کے موقع پر لاکھوں عقیدتمند مختلف دریاؤں میں اسنان کر رہے ہیں اور مندروں میں بھگوان شیو کی پوجا ارچنا کر رہے ہیں۔ انتظامیہ نے سنگم میں آج پوتر ڈبکی کے پیش نظر زبردست انتظامات کیے ہیں، جس سے ماگھ میلے کا اختتام بھی ہوگا۔

گجرات میں مہاشیوراتری، ریاست کے شیومندروں میں عقیدت کے ساتھ منائی جارہی ہے۔ صبح سویرے سے ہی بڑی تعداد میں عقیدتمندوں کی بھیڑ پہلے جیوتی لِنگا سوماناتھ مہادیو مندر، پوجا ارچنا کیلئے پہنچے۔ مدھیہ پردیش میں آج مہا شیوراتری کے پوتر موقع پر اُجین میں گہاگہی رہی کیونکہ عقیدت مند، مندروں میں پوجا ارچنا کیلئے پہنچے، جس سے فضا میں گھنٹیوں اور ہرہر مہادیو کے نعروں کی گونج سنائی دی۔x

U Khand Kedarnath Temple

اتراکھنڈ کے رودر پریاگ میں واقع گیارھویں جیوتر لِنگ کے درشن 22اپریل سے کئے جاسکیں گے۔ یہ عقیدت مندوں کیلئے 22اپریل سے کھل جائیں گے۔ اُکھی ناتھ کے اومکارمیشور مندر میں موسم سرما میں پنچانگ کے بندوبست کے بعد اس کا اعلان کیا گیا۔ اس موقع پر بدری ناتھ، کیدارناتھ مندر کمیٹی کے چیئرمین، ہیمنت دیویدی نے عقیدت مندوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی چار دھام یاترا کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔x

Rajnath French Dialogue

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ منگل کو بینگلورو میں، فرانس کی اپنی ہم منصب کیتھرین Vautrin کے ساتھ، چھٹی بھارت–فرانس سالانہ دفاعی مذاکرات کی معاون صدارت کریں گے۔ میٹنگ میں باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کا جائزہ لیا جائے گا، جس میں صنعتی تعاون کو توسیع دینے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وزارت دفاع نے کہا کہ میٹنگ کے دوران توقع ہے کہ دفاعی تعاون کے ایک سمجھوتے کی مزید 10سال کیلئے تجدید کی جائے گی نیز اِس میں HAMMER میزائلوں کی تیاری کیلئے ایک مشترکہ پروجیکٹ پرمفاہمت نامے پردستخط کئے جانے کی بھی توقع ہے۔x

Jaishankar Munich

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جئے شنکر نے آج جرمنی میں میونخ سکیورٹی کانفرنس کے چیئرمین Wolfgang Ischinger کے ساتھ بات چیت کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں ڈاکٹر جئے شنکر نے کہا کہ میونخ سکیورٹی کانفرنس 2026میں اپنے خیالات پیش کرنے اور نظریات کا تبادلہ کرنے کا ایک اچھا موقع فراہم کیا ہے۔ ڈاکٹر جئے شنکر نے کانفرنس کے موقع پر رومانیہ کے اپنے ہم منصب Oana-Silvia Tiou سے بھی ملاقات کی۔ دونوں وزراء نے بھارت–رومانیہ باہمی تعلقات کا جائزہ لیا اور اِنھیں اور زیادہ بہتر کرنے سے اتفاق کیا۔ وزیر خارجہ نے Bundestag میں کرسچین ڈیموکریٹک یونین کے لیڈر Jens Spahn اور اُن کی ٹیم کے ساتھ بھی ایک میٹنگ کی۔x

Israeli Airstrike Gaza Strip

آج شمالی اور جنوبی غزہ پٹی میں اسرائیل فضائی حملوں کے بعد 9فلسطینی ہلاک ہوگئے۔ اسرائیل کی فوج نے کہا کہ یہ فضائی حملے حماس کے ذریعے جنگ بندی کی خلاف ورزی کے جواب میں کئے گئے۔ فلسطین کے سول

ڈیفنس اور صحت کے حکام نے کہا ہے کہ ایک ٹینٹ کیمپ پر اسرائیل کے ایک حملے میں چار افراد ہلاک ہوگئے جس میں بے گھر کنبے رہ رہے تھے۔ ایک دوسرے حملے میں خان یونس میں پانچ افراد ہلاک ہوئے۔ اسرائیلی فوج کے ایک افسر نے اِن حملوں کو درست اور بین الاقوامی قانون کے مطابق بتایا۔ افسر نے مزید کہا کہ حماس نے اکتوبر کی جنگ بندی کی 6مرتبہ سے زیادہ خلاف ورزی کی ہے۔x

Cyclone Gezani Mozambique

موزمبیق میں جنوبی ساحلی صوبے Inhambane میں سمندری طوفان Gezani کی وجہ سے چار افراد ہلاک ہوگئے۔ اِن ہلاکتوں کی اطلاع کل، اِس طوفان کے Madagascar سے ہوکر گزرنے کے ایک دن بعد ملی ہے، جہاں 41افراد ہلاک ہوگئے تھے اور اِس جزیرے میں بڑے پیمانے پر تباہی ہوگئی تھی۔ x

Men's T-20 WC Ind Pak

کولمبو کے آر پریم داسا اسٹیڈیم میں مردوں کے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے میچ میں بھارت نے پاکستان کے سامنے 176رن کا جیت کا نشانہ دیا ہے۔آخری خبریں ملنے تک پاکستان نے 7اوورز میں 4وکٹ پر 47رن بنا لئے ہیں۔

بھارت نے مقررہ 20اوورز میں 7وکٹ پر 175رن بنائے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم کی طرف سے ایشان کشن نے شاندار بلے بازی کرتے ہوئے 40 گیندوں پر 77رن بنائے، جبکہ سوریہ کمار یادو نے 29 گیندوں میں 32رن بنائے۔اس سے پہلے پاکستان نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ x

Womens T-20 Cricket

بھارت کی خواتین کرکٹ ٹیم نے تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی–ٹوینٹی میچ میں ڈک ورتھ لوئس (ڈی ایل ایس) سسٹم سے آسٹریلیا کو 9وکٹ سے ہرا دیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 18اوورز میں آسٹریلیائی ٹیم نے 133رن بنائے تھے۔ جس کے جواب میں بلے بازی کرنے اتری، بھارتی ٹیم نے 5اعشاریہ ایک اوور میں ایک وکٹ کے نقصان پر 50رن بنائے تھے۔ بارش کی وجہ سے میچ کو روکنا پڑا، جس کے بعد ڈی ایل ایس سسٹم سے بھارت ٹیم فتحیاب رہی۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆